QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 249

سوراب کے علاقے میں 11kv لائن سے کنڈکٹر چوری کرنے والے 2 افراد گرفتار

کوئٹہ 28 اپریل 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) سوراب سب ڈویژن کے عملے کو 27 اپریل کی شام تقریباً سات بجے اطلاع ملی کہ 11kv لاکھوریاں فیڈر سے 2 اشخاص بجلی کے کھمبوں سے کنڈکٹرز (تاریں) اور دیگر سامان چوری کر رہے ہیں جس کی اطلاع ملنے پر کیسکو ٹیم فوری طور پر متعلقہ جگہ پر پہنچ گئے ۔ جہاں منیر احمد ولد اللہ بخش اور آصف عرف عاشق کنڈکٹرز چوری کرنے میں ملوث پائے گئے اور موقع پر اُن کے قبضے سے چوری شدہ کنڈکٹرز اور دیگر آلات بھی برآمد ئے ۔ بعدازاں کیسکو اسٹاف نے دونوں ملزمان کو پولیس کے حوالے کر دیئے ۔ کیسکو نے چوروں کے خلاف قانونی کاروائی کیلئے پولیس تھانہ سوراب میں ایف آئی آر کے اندراج کیلئے تحریری درخواست جمع کرادی۔

# # #